NYC Public Schools

PS+YOU

From Chancellor **David C. Banks**

چانسلر David C. Banks کی جانب سے ایک خبرنامہ

خاندانوں کو ہمارے حقیقی شراکت دار بننے کے لیے مصروفِ عمل کرنا

عزیزی نیو یارک کے مکین،

میں امید کرتا ہوں کہ یہ پیغام آپ کو گرم جوشی اور برادری سے اخوت کے جذبے سے سرشار پائے گا۔ تھینکس گیونگ کی تعطیلات آپہنچی ہیں، میں خاندانوں کا این وائی سی پبلک اسکولز کا انتخاب کرنے کے لیے اور ہمارے NYCPS عملے کا ہمارے خاندانوں کے لیے عہدبستگی کے لیے شکر گزار ہوں۔

مجھے یقین ہے کہ ہمارے بچوں کے لیے — روشن آغاز اور تابناک مستقبل کا ہمارا مشترکہ نظریہ — ہمارے خاندانوں اور اسکول کی برادریوں کی مجموعی قوت میں پوری طرح پیوست ہے۔ اس لیے مصروف عملی ہمارے ہر کام کا سنگِ بنیاد ہے۔ خاندان: آپ کی شمولیت نہ صرف اہم ہے بلکہ یہ ناگزیر ہے۔

این وائی سی ریڈز کو زیرِ غور لائیں، جس طرح ہم مطالعے کی تعلیم دیتے ہیں اس کو تبدیل کرنے کے لیے ہمارا ایک آغاز کار۔ ہمارے مرحلے 1 اضلاع میں، ہم مقامی خواندگی سرگرمیوں کے ذریعے خاندانوں کے ساتھ شراکت کرنے کے لیے پُرجوش ہیں، اور مرحلے 2 اضلاع میں، جو اگلے تعلیمی سال کے دوران این وائی سی ریڈز کا نفاذ کرے گا، خاندانوں اور برادری کی آواز نصاب کے اہم فیصلوں کو شکل دے رہی ہے۔ گھر پر مطالعے کی صلاحتیوں کو تقویت دینے کے لیے ہم شہر بھر کے خاندانوں کے ساتھ سرگرمیوں اور وسائل کا اشتراک کر رہے ہیں۔ اس گزشتہ موسمِ گرما میں، ہمارے نئے ابتدائی طفلی نصاب کے متعلق سیشنز میں 1,000 سے زائد خاندانوں نے شرکت کی تھی، اور یہ سیشنز پورے تعلیمی سال کے دوران جاری رہیں گے۔

کالج اور طرز معاش کی راہوں پر ہمارے کام میں، فیوچر ریڈز این وائی سی اور ہمارے ماڈرن یوتھ ایرینٹسشپ کا آغاز کرنے میں والدین قائدین کی مدد نہایت اہم رہی ہے۔ ہمارے خاندان اور برادری کی شمولیت ٹیم اور دفتر برائے طلبا کی راہیں (اسٹوڈنٹ پاتھ ویز) نے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ NYCSA میں کالج اور طرزِ معاش کے صفحے (پیج) جیسے وسائل مددگار اور معنی خیز ہیں خاندانی فوکس گروپس کی قیادت کی تھی۔

NYCPS میں، ہم اسکول اور شہرپیما دونوں سطوح پر والدین کی قیادت کی قدر کرتے ہیں۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ ہر والدین یا سرپرست خود کار طور پر ان کے اسکول کی انجمنِ والدین یا والدین اساتذہ کی انجمن کے ممبر ہیں؟ خاندان: آپ کی آواز سے فرق پڑتا ہے! میں آپ کی اپنے اسکول کے ساتھ رابطے میں رہنے کی اور اسکول قیادتی ٹیمز، اسکول بہبود کونسل، اور زمرہ ا نمائندگان جیسے اسکول پر مبنی شمولیت کے دیگر مواقع کے بارے میں جاننے کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں۔

شہر پیما سطح پر، چانسلر کی والدین مشاورتی کونسل (CPAC) اور ہماری 36 اجتمائی اور شہرپیما تعلیمی کونسلیں (CEC) بھی والدین کی آواز کے لیے پلیٹ فارمز فراہم کرتی ہیں۔ (حتی کہ ہمارے پاس ہمارے ہائی اسکول سینیئرز کے لیے CEC نشستیں دستیاب ہیں، یہ اس کے لیے یہاں پر درخواست دے سکتے ہیں)۔ مجھے ہمیشہ ہمارے CEC ٹاون ہالز میں مشغول کرنے والی اور بصیرت آمیز بات چیت سے ترغیب ملتی ہے اور میں گرم جوشی سے آپ سب کا اس موسمِ سرما میں آنے والے CEC اور CPAC اجلاس میں شرکت کرنے کا خیر مقدم کرتا ہوں۔

ایک بار پھر میں آپ سب کا — خاندانوں، عملے، اور برادری کے ارکان کا —آپ کی عمیق پُرعزمی اور شراکت کے لیے شکریہ ادا کرتا ہوں۔ ایک ساتھ مل کر ہم اپنے طلبا کے لیے روشن آغاز اور تابناک مستقبل کی تعمیر کر رہے ہیں، تاکہ ہر ایک بچہ اپنی بھر پور صلاحیت کو بروئے کار لائے۔ مجھے آپ کے ساتھ مل کر کام کرنے پر فخر ہے۔

مائل بہ پرواز،

David C. Banks

چانسلر

ہماری مرکزِ توجہ وڈیو:

ترجموں کے لیے، برائے مہربانی ہمارے یوٹیوب پیج پر جائیں۔

NYCPS کی تازہ ترین معلومات کے لیے ہمیں آن لائن X ، فیس بُک اور انسٹا گرام پر فالو کریں۔

اور یہاں میئر Eric Adams کی ہفتہ وار وڈیو ہے۔ اگر آپ میئر کے دفتر سے براہِ راست جدید معلومات موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، براہِ مہربانی یہاں کلک کریں۔

ترجمہ شدہ عنوانات کے لیے: "CC" آئی کان پر کلک کریں۔ "Setting" ئی کان پر کلک کریں اور "Subtitles/CC"منتخب کریں۔ "Auto-translate" منتخب کریں اور اپنی زبان کا انتخاب کریں۔

NYCPS کے اہل خانہ: اگر آپ مزید PS+You خبرنامہ موصول نہیں کرنا چاہتے، برائے مہربانی ان سبسکرائب کریں۔